# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے بیٹر کاٹن انیشی ایٹو کے وفد کی سول سیکرٹریٹ لاہور میں ملاقات**

**حکومت پنجاب موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں کپاس کی پیداوار میں اضافے اور معیار کو بہتر بنانے کے لیے متعدد عملی اقدامات کر رہی ہے۔ سید عاشق حسین کرمانی**

لاہور: **05**اگست**2026**: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے بیٹر کاٹن انیشی ایٹو (BCI) کے وفد نے لاہور میں ملاقات کی۔وفد میں چیف آپریٹنگ آفیسر لیناسٹیفگارڈ، کنٹری ڈائریکٹر پاکستان حنا فوزیہ اور دیگر ممبران شامل تھے۔ملاقات کے دوران سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور کنسلٹنٹ ڈاکٹر محمد انجم علی بھی موجود تھے۔

وفد نے صوبائی وزیرزراعت کو بیٹر کاٹن انیشی ایٹو کے تحت چشتیاں میں کپاس کی اعلیٰ معیار کی پیداوار، پائیدار کاشتکاری اور معیاری کپاس کے حصول کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔بی سی آئی کے وفد نے بتایا کہ بیٹر کاٹن انیشی ایٹو کے تحت حاصل ہونے والی کپاس پر کاشتکاروں کو پریمیم مل رہا ہے۔وفد نے کپاس کی معیاری اور اعلیٰ پیداوار کے حصول کے لیے موجودہ حکومت پنجاب کے اقدامات کو سراہا۔

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ حکومت پنجاب موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں کپاس کی پیداوار میں اضافے اور معیار کو بہتر بنانے کے لیے متعدد عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی برآمدی معیار کے مطابق پیداوار کے لیے حکومت پنجاب جامع حکمتِ عملی پر عمل پیرا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب اور بیٹر کاٹن انیشی ایٹو کے درمیان باہمی تعاون کپاس کی معیاری پیداوار کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا۔

☆☆☆☆